# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی - I
(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

| Version No. | 3 | 0 | 5 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ — حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(1) یورپ کے لوگ سمجھتے تھے کہ ایک اچھا ________ قوم کی عزت، بھلائی اور ترقی کا ذریعہ ہے۔
A نظریہ　B نظام　C بیانیہ　D بادشاہ

(2) آدمی جس قدر اپنی مدد آپ کے بجائے دوسرے پر بھروسہ کرتے جاتے ہیں وہ اسی قدر ________ ہوتے جاتے ہیں۔
A بے عزت　B باعزت　C دولت مند　D خود کفیل

(3) بی۔اے پاس کرنے کے بعد چندر پرکاش نے کیا کام شروع کیا؟
A بینک میں نوکری　B سیلزمینی　C محنت مزدوری　D ٹیوشن پڑھانا

(4) چندر پرکاش نے ویر کے بیاہ کے لیے پانچ ہزار کے ________ خریدے۔
A زیور　B جوتے　C کپڑے　D چھوارے

(5) ٹھاکر کے گھر میں چندر پرکاش کی کون بڑی عزت کرتا تھا؟
A ٹھاکر　B ٹھکرائن　C ٹھاکر اور ٹھکرائن دونوں　D ٹھاکر کے والد

(6) مس چڑیا نے جس گھر میں گھونسلا بنایا وہاں کون رہتے تھے؟
A عیسائی اور اس کی بیوی　B ڈاکٹر اور اس کی بیوی　C دو دوست　D ایک مسلمان اپنی میم کے ساتھ

(7) چڑیا سوت کہاں سے لائی تھی؟
A درزی کی دکان سے　B بازار سے　C پڑوس کی ایک بڑھیا کے گھر سے　D فیکٹری سے

(8) چڑیا کا اڑ کر ذرا چمن کی ہوا کھانے کو جانے کا کیا نقصان ہوا؟
A چڑیا کا گھونسلہ گر گیا　B چڑے کا وقت برباد ہوا　C انڈہ گر کر ٹوٹ گیا　D چڑا بھوک سے نڈھال ہو گیا

(9) خلاصہ اصل عبارت کا تقریباً ________ ہوتا ہے۔
A ایک چوتھائی　B ایک تہائی　C نصف　D دسواں حصہ

(10) نئے مریض کے بارے میں نرس کا خیال تھا کہ وہ:
A جلد ٹھیک ہو جائے گا　B صبح سے پہلے پہلے مر جائے گا　C بہت امیر شخص ہے　D تندرست ہے

(11) اختر کے دل میں کچھ دن زندہ رہنے کی خواہش اس لیے پیدا ہوئی تا کہ:
A اس کا منظور سے رشتہ فوراً نہ ٹوٹ جائے　B وہ اپنی وصیت لکھوا سکے
C وہ اپنے رشتہ داروں سے مل سکے　D وہ اپنے جائیداد کے مسائل طے کر سکے

(12) اختر کو ________ کا عارضہ لاحق تھا۔
A فالج　B ٹی بی　C کالی کھانسی　D دل

(13) مہوسی وہ علم تھا جس کے ذریعے کم قیمت دھاتوں کو ________ میں منتقل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔
A جواہرات　B پلاٹینم　C سونا　D ہتھیاروں

(14) ام الخبائث ________ کو کہا گیا ہے۔
A جوا　B گالم گلوچ　C شراب نوشی　D چغلی

(15) راجا صاحب اور خواجہ صاحب کی بیویوں میں جھگڑے کے دوران الزام تراشی کم اور ________ زیادہ ہوتی تھیں۔
A گالیاں　B شور　C دعائیں　D بددعائیں

(16) پاکستان جنوبی ایشیا کی آبادی کا صرف 10 فیصد ہونے کے باوجود سگریٹ نوشی میں ________ حصہ بنانے والا ملک ہے۔
A 22 فیصد　B 32 فیصد　C 40 فیصد　D 45 فیصد

(17) اقبال نے صحرائے عرب کو شتربانوں کا ________ کہا ہے۔
A علاقہ　B سمندر　C آشیانہ　D گہوارہ

(18) نظم شبِ معراج میں کس پیغمبر کو آسمانوں کی سیر کے لیے بلایا گیا؟
A حضرت محمدؐ (خاتم النبیین)　B حضرت عیسیٰؑ　C حضرت موسیٰؑ　D حضرت ابراہیمؑ

(19) اگر آپ عدم آباد میں ہیں تو مجھے مطلع کیجیے کہ میں آپ کو ________ لکھوں۔
A دعوت نامہ　B تعزیت نامہ　C محبت نامہ　D اپنا کارنامہ

(20) لغت میں مطلقاً بات چیت کرنے کو ________ کہتے ہیں۔
A محاورہ　B روزمرہ　C تمثیل　D جملہ

Result.pk

# اردو(لازمی) ایچ ایس ایس سی - I

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم: 80

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

**سوال نمبر ۲:** مندرجہ ذیل اجزا میں سے بارہ (12) کے مختصر جواب لکھیں: **(12 x 4 = 48)**

(i) پرکاش کی نیت کس بات پر خراب ہوئی؟

(ii) چمپا کو پرکاش کی حرکات پر شک کیوں پڑا؟

(iii) چڑے نے انسان کے متعلق کیا بات کہی ہے؟

(iv) تلخیص کی اہمیت واضح کریں۔

(v) منظور نے اختر حسین سے کس طرح دوستی پیدا کرلی؟

(vi) زندگی کے متعلق منظور کا نظریہ کیا تھا؟

(vii) زندہ دلی اور حوصلہ مندی کیوں ضروری ہے؟

(viii) جابر بن حیان کون کون سی صنعتوں کے طریقے جانتا تھا؟

(ix) سائنس دانوں میں جابر بن حیان کا کیا مقام ہے؟

(x) منشیات کے متعلق اسلام کا نقطہ نظر کیا ہے؟

(xi) منشیات سے بچنے کے لیے کیا کیا اقدامات ضروری ہیں؟

(xii) مالکن کراچی کیوں نہیں جانا چاہتی تھی؟

(xiii) محلے والوں کو بیگم راجا اور بیگم خواجہ کی لڑائی میں لطف کیوں نہیں آتا تھا؟

(xiv) کون سا جذبہ دونوں بیگمات میں صلح کا ذریعہ بن گیا؟

(xv) تعزیت نامہ سے کیا مراد ہے؟

## حصہ سوئم (کُل نمبر 32)

**سوال نمبر ۳:** سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: **(1+1+4=6)**

الف۔ اس کی عمر بتیس برس کے قریب تھی۔ ان برسوں میں اس نے راحت نہیں دیکھی تھی جو اس وقت اسے یاد آتی اور اس کی صعوبت میں اضافہ کرتی۔ اس کے ماں باپ اس کو بچپن میں ہی داغ مفارقت دے گئے تھے۔ معلوم نہیں اس کی پرورش کس خاص شخص نے کی تھی۔ بس وہ ایسے ہی ادھر ادھر کی ٹھوکریں کھاتا اس عمر تک پہنچ گیا تھا۔

ب۔ جابر شیر خوارگی میں ہی یتیم ہو گیا تھا۔ اس کا باپ حکومت کا مغضوب تھا اور بغاوت کے جرم میں قتل ہوا تھا۔ اس کی تربیت عرب کے ایک دور افتادہ علاقے کے ایک بدوی قبیلے میں ہوئی تھی جہاں اس نے اپنے بچپن اور جوانی کے ایام گزارے تھے۔ یہ تینوں امور ایسے تھے جن کے باعث اس زمانے کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا کوئی موقع اسے میسر نہیں آسکتا تھا۔

**سوال نمبر ۴:** کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: **(1+1+5=7)**

الف۔
خالق بھی کارساز بھی، پروردگار بھی
وہ جس کی ذات پردہ کشا، پردہ دار بھی

ب۔
سب کچھ تمہارے واسطے پیدا کیا گیا
سب غایتوں کی غایت اولیٰ تمھی تو ہو

**سوال نمبر ۵:** مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے: **(2+2=4)**

(i). درج شدہ کے معنی لکھیے: سنگینی ، تریاق

(ii). درج شدہ کے واحد لکھیے: ذرائع ، امراض

(iii). استعارہ کیا ہے؟

**سوال نمبر ۶:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں: **(05)**

الف۔ لالچ بری بلا ہے

ب۔ اتفاق میں برکت ہے

**سوال نمبر ۷:** رقم منگوانے کے لیے والد کے نام خط تحریر کریں۔ **(05)**

**سوال نمبر ۸:** ہاسٹل میں داخلہ کے لیے درخواست لکھیں۔ **(05)**

Result.pk